19/04/2026

12:30 /PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ نا ری شکتی وندن ادھینیم کی مخالف کی ایک بڑی وجہ خاندانی پارٹیوں کا خوف ہے۔ انہوننے یہ بات پارلیمنٹ اور ریاستی اسمبلی میں خواتین ریزرویشن کےلئے بل کو اپوزیشن کے ذریعے ناکام بنانے کے بعد کہی۔ کل رات قوم سے اپنے خطاب میں وزیر اعظم نے کہایہ خاندانی پارٹیاں سمجھتے ہیں کہ اگر خواتین با اختیار ہوئیں تو ان کی قیادت خطرے میں پڑ جائے گی۔

انہوننے کہا کہ ان کی حکومت کے لیے قومی مفاد سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ وزیر اعظم نے کہا کہ حکومت کی بہترین اور مخلصانہ کوششوں کے باوجود، وہ ناری شکتی وندن ادھینیم بل میں ترمیم سے متعلق قانون سازی کو محفوظ بنانے میں ناکام رہی۔

وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ناری شکتی وندن ادھینیم کے حوالے قانون سازی کا مقصدپارلیمنٹ میں ہر خطے اور علاقے کی آواز کو مناسب نمائندگی دیکھ کر اُسے مضبوط بنانا تھا۔

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ جمونو کشمیر میں منشیات کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے اور منشیات کے کاروبار کو ختم کرنے کے ساتھ ساتھ معاشرے کو نشے سے پاک کرنے کےلئے پُر عزم ہے۔وہ کل نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت راجوری میں نکالی گئی ایک پدیاترا میں شرکت کر رہے تھے۔

انہوننے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کی شروعات کے بعد منشیات مخالف کارروائیوں میں تیزی لانے کےلئے جمونو کشمیر پولیس کی سراہنا کی۔ منوج سنہانے کہا کہ11اپریل سے پہلے درج ہونے والے کیسوں میں پچھلے7دنوں میں تین گنا اضافہ دیکھا گیا ہے۔

واضح رہے کہ ایل جی منوج سنہا نے نشہ مخالف ابھیان کے حوالے سے اپنے پیغام میں منشیات کا کاروبار کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

نشہ مکت ابھیان

جموں کشمیر کو منشیات کی بدعت سے پاک کرنے کے لئے ایک سو دنوں پر مشتمل نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت سرگرمیاں شد و مد سے جاری ہیں۔

اس سلسلے میں ڈپٹی کمشنر بڈگام اطہر عامر خان کی صدارت میں ضلعے کے خانصاحب ہائر سکنڈری سکول ہرد پنزو میں ایک بیداری پروگرام کا انعقاد کیا گیا، جس میں سکولی بچوں کی ایک بڑی تعداد نے حصہ لیا۔

اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر نے نشہ مکت بھارت ابھیان کے تھیم پر سکولی بچوں کی جانب سےPaintings-کا بھی معائنہ کرکے انکی تخلیقی کاوشوں کی سراہنا کی

اضلاع نشہ مکت

ادھر اننت ناگ میں نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت جاری100روزہ مہم اور پیش رفت کا جائزہ لینے کےلئے کمشنر سیکریٹری ، خوراک اور امور صارفین سوربھ بھگت نے ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اس دوران میٹنگ میں مہم کے حوالے سے مختلف چیزوں پر تبادلہ خیال کیا گیا۔میٹنگ میں ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کے علاوہ دیگر افسران بھی موجود تھے۔

نشہ مکت جمونوکشمیر ابھیان کے تحت ضلع بارہمولہ میں بھی عوامی بیداری پروگراموں کو منعقد کرنے کا سلسلہ جا ری ہے۔ مہم کے تحت گورنمنٹ ڈگری کالج شوپیان میں بھی منشیات کے استعمال سے متعلق ضلع سطح پر بیداری پروگرام منعقد کیا گیا جس میں پولیس اور سیول انتظامیہ کے ساتھ ساتھ مختلف طبقہ ہائے فکر کے لوگوں نے شرکت کی۔

جا وید ڈار

زراعت اور پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کشمیر کی جغرافیائی اور معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پہاڑی علاقوں میں منریگا کی اُجرت کی شرح کو272روپے سے بڑھا کر311 روپے کرنے کی مانگ کی ہے۔ وہ کل مرکزی وزیربرائے دیہی ترقی شیوراج سنگھ چوہان کی طرف سے بلائی گئی ایک آن لائن جائزہ میٹنگ میں شرکت رہے تھے۔

میٹنگ میں منریگا اور وکست بھارت جی رام جی سکیم کی عمل آوری کے حوالے سے تجاویز طلب کی گئی۔

شانت منو

ریاستی الیکشن کمشنر شانت منو نے پنچائتی انتخابی فہرستوں میں تمام اہل ووٹروں کی صد فیصد شمولیت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔وہ کل جموں اور ادھم پور اضلاع میں دورے کے دوران انتخابی فہرستوں پر نظر ثانی کی جاری پیش رفت کا جائیزہ لے رہے تھے۔

انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ نظر ثانی کی مدت کے دوران تمام اہل ووٹروں کی شناخت کرنے اور اندراج عمل میں سہولت فراہم کریںاور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی اہل ووٹر اندراج سے محروم نہ رہے۔

سرینگرDC

ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے سیلاب سے نمٹنے کے جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی ہے۔اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر جو ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین بھی ہیں، کوتیاریوں کے حوالے سے تفصیلی جانکاری فراہم کی گئی۔

میٹنگ میں ڈی سی نے فعال منصوبہ بندی کی اہمیت پر زور دیا اور تمام جاری منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی ممکنہ خطرات کو کم سے کم کرنے کے لیے پہلے ہی تمام احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔

کمشنر

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے مائسمہ کے تجارتی مرکز کا دورہ کیا اورٹریڈیرس ایوس سی ایشن کے ممبران کے ساتھ ملاقات کر کے شہری مسائل کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران تاجربرادری نے علاقے کے نکاسی آب کے ناقص نظام اور اسٹریٹ لائٹس کے مسئلے کو کمشنر موصوف کی نوٹس میں لائے۔

اس موقعے پرکمشنر موصوف نے عوامی شکایات کا سنجید نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو موقع پر ہی ہدایت دی کہ وہ نکاسی آب کے بہتر نظام اور علاقے میں صبح اور شام کے اوقات میں پیدل چلنے والوں کے آسائش کے لئے ہائی وولٹیج اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کی محکمے کو ہدایت دی ہے۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

....